چئرمین پنجاب بورڈ آف انویسٹمنٹ سردار تنویر الیاس خان سے چائنہ کے ڈیلگیشن کے ساتھ ملاقات :-

سردار تنویر الیاس خان چیئرمین پنجاب بورڈ آف انویسٹمنٹ سے چائینہ گاذبو گروپ کمپنی کے وفد کی ملاقات ہوئ ۔

ملاقات میں پنجاب کےڈویلپمینٹ سیکٹر مینسرمایہ کاری کے متعلق چاینی ڈیلگیشن دلچسپی کا اظہار کیا ۔چائنی ڈیلگیشن نے بتایا کہ وہ پنجاب کے ضلع راولپنڈی میں رنگ روڈ اور نالہ لئی روڈ بلڈ آپریٹ میں دلچسپی کا اظہارکیا اور ان کے ساتھ ساتھ مختلف ترقیاتی منصوبوں میں سرمایہ کاری کرنے کے لیے تیار ہے ۔

اس موقع پر سردار تنویر الیاس خان چیئرمین پنجاب بورڈ آف انویسٹمنٹ نے چائینہ کمپنی کے ڈیلگیشن کو ترقیاتی کاموں میں سرمایہ کاری میں دلچسپی لینے پر شکریہ ادا کیا انھوں نے کہا کہ پنجاب میں بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری ہو سکتی ہے ۔انفراسٹرکچر میں بہتری کی اشد ضرورت ہے اور اگر گاذبو گروپ پاکستان میں سرمایہ کاری کرنے کے لیے تیار ہے تو پنجاب بورڈ آف انویسٹمنٹ خوش آمدید کہے گا ۔

نیلم جہلم,موٹروے ای 35 جیسے پروجیکٹ یہ کمپنی کامیابی کے ساتھ مکمل کر چکی ہے ۔اس کےعلاوہ سیکھی کی کناری کواہلہ اور آزاد پتن، فیصل آباد موٹروے، ملتان موٹروے کا پروجیکٹ کامیابی کے ساتھ مکمل ہونے والا ہے ۔ یہ کمپنی مہمند ڈیم کی تعمیر کے کنٹریکٹر میں سے ایک اہم کمپنی ہے ۔

ملاقات میں اس موقع پر چئرمین راولپنڈی ڈویلپمینٹ اتھارٹی عارف عباسی، طارق عباس خان چیف ایگزیکٹیو آفیسر ٹریڈ لنک ،کرنل ریٹائرڈ ندیم سطی بھی موجود تھے

انھوں نے کہا کہ کہ پنجاب بورڈ آف انویسٹمنٹ ہر وقت آپ کے ساتھ تعاون کرے گا ۔ سرمایہ کاروں کو سہولیات فراہم کرناپنجاب حکومت کی اولین ترجیح میں سے ایک ہے ۔وزیراعظم عمران خان کی قیادت میں پاکستان سے بے روزگاری کا خاتمہ سرمایہ کاری کے ذریعے ممکن ہو سکے گا اور اس کے لیے وزیر اعلی پنجاب عثمان بزدار کی سربراہی میں پنجاب بورڈ آف انویسٹمنٹ رات دن سرمایہ کاروں کو سہولیات فراہم کرنے اور پالیسیاں بنانے میں مگن ہے ۔ چائنہ گاذبو گروپ کمپنی کے وفد نے پنجاب بورڈ آف انویسٹمنٹ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے چئرمین پنجاب بورڈ آف انویسٹمنٹ سردار تنویر الیاس خان کی طرف سرمایہ کاری کرنے اور سیکورٹی فراہم کرنے پر شکریہ ادا کیا